14/05/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں اعجازہ اختر

BRICS

وزرائے خارجہ کی دو روزہ میٹنگ آج نئی دلی میں شروع ہو رہی ہے ۔ میٹنگ کی BRICS کے ممبر BRICS صدارت وزیر خارجہ ایس جے شنکر کر رہے ہیں ۔ اس میٹنگ کے دوران BRICS ممالک کے وزرائے خارجہ عالمی اور علاقائی معاملات پر تبادلہ خیال کریں گے ۔ وزرائے خارجہ وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ بھی ملاقات کر رہے ہیں ۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی پانچ ممالک متحدہ عرب امارات ، نیدھر لینڈس ، Sweden ،Norway اور اٹلی کے دورے کے پہلے مرحلے کے تحت کل ابو ظہبی پہنچ رہے ہیں ، جہاں وہ متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زائد النیہان کے ساتھ دونوں ممالک کے درمیان شراکت داری کو فروغ دینے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کریں گے ۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے 32دنوں میں سول اور پولیس انتظامیہ نے پورے ڈرگ سمگلنگ کے نظام کو ختم کرنے کیلئے لازمی اقدامات کئے اور منشیات کے خلاف تحریک اب ایک انقلابی صورت اختیار کر رہی ہے ۔

کپواڑہ میں منشیات مخالف پد یاترا کو جھنڈی دکھا کرروانہ کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ منشیات کے خلاف جنگ طویل ہے ۔ انہوننے کہاکہ دہائیوں تک جموں کشمیر نے منشیات اور دہشت پسندی کو الگ الگ خطرات کی نظر سے دیکھا ، لیکن دو مسائل ہونے کے باجود یہ ایک ہی سکے کے دو رُخ ہیں۔

ایل جی ملاقات

داخلی امور سے متعلق پارلیمانی سٹینڈنگ کمیٹی نے ڈاکٹر رادھا موہن داس اگر وال کی قیادت میں کل لوک بھون سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی ۔

شرومنی گرودوارہ پربندھک کمیٹی امرتسر کے ممبر ایس گرِندر سنگھ باوا کی قیادت والے ایک وفد نے بھی ایل جی سے ملاقات کی اور انہیں وادی میں چار صاحبزادے MRI and CT Scan سینٹر قائم کرنے سے متعلق منصوبہ پیش کیا ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے خواتین کو با اختیار بنانے اور ان کی شمولیاتی ترقی کو یقینی بنانے کیلئے دیہی ترقی محکمہ اور جے اینڈ کے رورل لائیو لی ہُڈ س مشن کی تعریف کی ہے ۔ واضح رہے کہ ان محکموں نے یو ٹی کی 8 لاکھ 10 ہزار خواتین کو متحرک کرکے 96 ہزار سے زائد سیلف ہیلپ گروپ قائم کرکے انہیں 3 ہزار 106 کروڑ روپے کے بینک قرضے فراہم کئے ۔

اطلاعات کے مطابق لکھپتی دیدی پہل کے تحت سالانہ ایک لاکھ روپے کی آمدن حاصل کرنے والی خواتین کی تعداد 2 لاکھ 30 ہزار سے تجاوز کر گئی ہے ۔

وزیر اعلیٰ حادثہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کویت میں ایک سڑک حادثے کے دوران جان بحق ہوئے جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے چھ افراد کی میتوں کو واپس لانے کے لیے ان کی کوششوں کے لیے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کا شکریہ ادا کیا ہے۔ وزیرا اعلیٰ نے کویت میں بھارتی سفارت خانے کے اقدامات کی بھی ستائش کی ہے جنہوں نے دکھ کی اس گھڑی میں متاثرہ کنبوں کو ہر ممکن مدد فراہم کیا ہے۔ واضح رہے کہ راجوری سے تعلق رکھنے والے یہ چھ افراد آٹھ اپریل کو Saad عبداللہ قصبے میں ایک سڑک حادثے میں جان بحق ہوئے تھے ۔ کویت شہر کے نزدیک

عید جائزہ

خوراک اور امورصارفین کے وزیر ستیش شرما نے سرینگرمیں ایک میٹنگ کے دوران آنے والی عید الاضحی اور محرم الحرام کے سلسلے میں جمونکشمیر میں غذائی اجناس اور لازمی خدمات کی دستیابی کا جائزہ لیا۔

انہوننے ہدایات دیں کہ ایام متبرکہ کے دوران لوگوں کووافر مقدار میں غذائی اجناس دستیاب رکھی جانی چاہئے ۔ بعدمیں میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے کہا۔

ستیش شرما

کھیل کود کے وزیر ستیش شرما اور ایم ایل اے زڈی بل تنویر صادق نے کل پرانے سرینگر شہر کے لیے جرسی کی Khyber Run for Shehr e Khas 2026 میں 17 مئی کو منعقد ہونے والی کے اشتراک سے کیا جا رہا ہے ۔اس KSW سپورٹس اور Fucan نقاب کشائی کی اس دوڑ کا اہتمام دوڑ میں وادی کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے 150 ایتھلیٹ شرکت کر رہے ہیں۔ وزیر موصوف نے شہر خاص میں سپورٹس کلچر کو فروغ دینے کے لیے منتظمین کی تعریف کی ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 8 اعشاریہ 6ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ21 اعشاریہ 1 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ